بدعنوانی سے پاک اور شفاف کام کریں: آنندی بین پٹیل

آئی اے ایس 2023 بیچ کے 16 ٹرینی افسران کی گورنر سے ملاقات

لکھنؤ(ایس این بی) انڈین ایڈمنسٹریٹو سروس 2023 بیچ کے 16 پروبیشنری ٹرینی افسران نے آج راج بھون میں گورنر آنندی بین پٹیل سے ملاقات کی۔ گورنر نے ٹرینی افسران کے ساتھ بات چیت کی اور ان کے احساس فرض کی حوصلہ افزائی کی اورعوامی شکایات کو منصفانہ طریقے سے تصفیہ کی ہدایات دیں۔ دیہات کا دورہ کرنے کے بعد خواتین اور بیٹیوں کی حالت، پرائمری اسکولوں اورآنگن باڑی مراکز کی حالت کو دیکھ کر گورنر نے موجودہ افسران کو ان میں ضروری بہتری لانے کی ہدایت بھی دی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہند اور ریاستی حکومت کی طرف سے کسی بھی اسکیم کے لئے منظور گرانٹ کا صحیح استعمال کیا جانا چاہئے۔ گورنر نے کہا کہ وہ مرکزی اور ریاستی حکومت کے رہنما خطوط کے مطابق کام کریں اور ہمیشہ اپنی انتہائی کوشش کرنے کی کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنانے کی خصوصی کوشش کی جائے کہ کام کی جگہ پر ضلع یا تحصیل میں ایک بھی بچہ اسکول میں داخلے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ اچھے کاموں سے متاثر ہوں اور مؤثر طریقے سے کام کریں، کسی بھی کام کے لیے مقررہ قواعد کا گہرائی سے مطالعہ کریں، متعلقہ فائلوں کو پڑھیں اور سرگرمی سے کام کریں۔ گورنر نے کہا کہ عوام کے نمائندہ ہونے کے ناطے وہ عوام کے ساتھ کام کریں اور کسی بھی طرح سے امتیازی سلوک نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ اضلاع میں دسویں جماعت سے اوپر کے بچوں کو جیل اور اولڈ ایج ہوم کا دورہ کرایا جائے، ان میں جرائم نہ کرنے کی تحریک اوراپنے والدین کی خدمت کا جذبہ پیدا کریں۔ انہوں نے جیل اور اولڈ ایج ہوم کو سوسائٹی سے جوڑنے کی ہدایات دیں۔ انہوں نے افسران کو بدعنوانی سے پاک اور شفاف طریقے سے کام کرنے کی ترغیب دی اور انہیں ہر سال اپنے کام کے تجربات کو کتابی شکل میں مرتب کرنے کی ترغیب دی۔ اس موقع پر گورنر کا استقبال ڈائرکٹر جنرل ایل وینکٹیشورلو نے ایک پودا پیش کر کے کیا۔ پروگرام میں ٹرینی افسران نے گورنر سے اپنا تعارف کرایا اور پروبیشن کی مدت کے دوران کیے گئے کام اور ان سے حاصل ہونے والے تجربات کے بارے میں بتایا۔ اس موقع پر گورنر کے ایڈیشنل چیف سکریٹری ڈاکٹر سدھیر مہادیو بوبڈے، ایڈیشنل چیف سکریٹری تقرری اور پرسونل دیپش چترویدی اور ٹرینی افسران وغیرہ موجود تھے۔

فریقین میں مار پیٹ، نصف درجن زخمی

موہن لال گنج، لکھنؤ (ایس این بی) موہن لال گنج کوتوالی حلقہ کے کوڑرا رائے پور مزرعہ شنکر کھیڑا میں گزشتہ اتوار کی رات بلدیو وان کے پڑوسی سشیل میں کسی بات پر جھگڑا ہوگیا، جس کے بعد بات اتنی بڑھی کہ دونوں فریقوں کے نصف درجن سے زیادہ لوگ لاٹھی ڈنڈے وکلہاڑی سے ایک دوسرے پر حملہ کر دیا اور جم کر مار پیٹ ہوئی، جس میں ایک فریق سے بلدیو و اس کا بھائی جگدیو، والد و دوسرے فریق سے سشیل واس کے کنبہ کے کچھ لوگ زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچی پولیس زخمیوں کو علاج کے لئے سی ایچ سی لے کر گئی جہاں موجود ڈاکٹر نے شدید زخمیوں کو علاج کے لئے ٹراما سنٹر بھیج دیا۔ انسپکٹر آلوک راؤ نے بتایا کہ دونوں فریقوں کی تحریر کی بنیاد پر سات لوگوں کے خلاف قتل کی کوشش، مار پیٹ سمیت دیگر دفعات میں مقدمہ درج کر کے جانچ شروع کر دی گئی ہے۔

سائیں سٹی و پنڈت کھیڑا میں سڑکیں زیر آب

لکھنؤ (ایس این بی) شہر کو ایک طرف جہاں اسمارٹ بنانے کی اسکیم پر کام ہو رہا ہے، کئی علاقوں کی سڑکوں کو منظم طریقے سے بنایا جائے گا، وہیں کئی علاقے ایسے بھی ہیں جہاں اب بھی لوگ مسائل کے درمیان رہنے پر مجبور ہیں۔ نگرنگم کے زون 3 کے فیض اللہ گنج وارڈ اول میں کئی علاقوں کی سڑکیں زیر آب ہیں۔ یہ حال بارش سے پہلے کا ہے۔ کچھ ایسا ہی حال پنڈت کھیڑا کا بھی ہے۔ یہاں کی سڑکوں پر پانی بھرا ہوا ہے جس میں سے ہو کر لوگ نکلنے پر مجبور ہیں۔ سروجنی نگر اول کی کارپوریٹر گیتا دیوی نے بتایا کہ سروجنی نگر اول وارڈ، پنڈت کھیڑا میں یہ حالت ہے۔ لوگوں کا سڑک سے آنا جانا دشوار ہے۔ میونسپل کمشنر سے یہاں ملبہ گرانے کی اپیل کی گئی ہے۔ فیض اللہ گنج وارڈ اول مغرب سائیں سٹی آئی آئی ایم روڈ سے صرف 10 قدم پر سیور لائن کا گندہ بدبودار پانی روڈ پر بھرا ہوا ہے۔ بچوں، خواتین اور بزرگوں کو بھی اسی راستے سے گزرنا پڑا ہے۔ موٹر سائیکل والے تو اس سڑک سے گزر جاتے ہیں لیکن پیدل چلنے والوں کو بہت پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ الزام ہے کہ سیور کے گندے پانی سے مقامی لوگ بیمار ہو رہے ہیں۔ صفائی کافی وقت سے نہیں ہوئی ہے۔ اب سیور کا گندہ پانی سڑک پر بہہ رہا ہے۔ اس کی شکایت کے بعد بھی کارروائی نہیں کی جارہی ہے۔

اکبرنگر سے نقل مکانی کرنے والوں کیلئے وضع ہوں گے روزگار

کمشنر نے افسران کے ساتھ میٹنگ کر کے بنائی حکمت عملی

لکھنؤ (ایس این بی) منطقائی کمشنر ڈاکٹر روشن جیکب کی صدارت میں اکبرنگر سے بسنت کنج یوجنا میں بسائے گئے لوگوں کیلئے روزگار کے مواقع وضع کیے جائیں گے۔ ساتھ ہی ان کو سوندھی یوجنا سے جوڑتے ہوئے مدرا یوجنا، ہتھ کرگھا، ڈوڈا اور محکمہ محنت کا کیمپ لگا کر ان کا رجسٹریشن بھی ہوگا تا کہ ان کو اپنا کاروبار کرنے میں کوئی پریشانی نہ ہو۔

کمشنر دفتر کے آڈیٹوریم میں مختلف افسران کے ساتھ میٹنگ کے دوران منطقائی کمشنر نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ اکبرنگر سے بسنت کنج یوجنا میں بسائے گئے لوگوں کیلئے روزگار کے مواقع وضع کرنے کو لے کر ڈوڈا کے ذریعہ سروے کرنے کے بعد وینڈروں کو سوندھی یوجنا سے جوڑتے ہوئے انھیں وینڈنگ زون میں قائم کرانے کے ساتھ ہی انھیں مدرا یوجنا، ہتھ کرگھا، ڈوڈا اور محکمہ محنت کے ذریعہ کیمپ لگا کر ماہر مزدوروں کا رجسٹریشن بھی کرایا جانا یقینی بنائیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کے ذریعہ چلائی جارہی خودروزگار اسکیم، پی ایم وشوکرما یوجنا وغیرہ مختلف اسکیموں سے ان کو اولیت کی بنیاد پر جوڑتے ہوئے تربیت دلائی جائے۔ ضلع سپلائی افسر، ضلع پروگرام افسر، محکمہ صحت وغیرہ مختلف محکموں کے ذریعہ مذکورہ مقام پر ضروری کارروائی کرتے ہوئے اسکیموں سے بازآبادکاروں کو فیضیاب کریں۔

اس کے بعد منطقائی کمشنر نے کہا کہ بسنت کنج یوجنا کے سیکٹر آئی میں نو تعمیر وزیر اعظم رہائش گاہوں میں اکبرنگر کے لوگوں کو بسایا گیا ہے جس کے سلسلے میں انھوں نے ایم ڈی سٹی ٹرانسپورٹ کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ان کے ٹرانسپورٹ کیلئے سٹی بس چلائی جائے جس کیلئے مناسب مقام پر بس اسٹاپ بنوایا جائے، ساتھ ہی بس آپریشن کا ٹائم ٹیبل بھی بس اسٹاپ پر درج کیا جائے۔ اس کے علاوہ اسکیم میں آبادی کے مدنظر دکانوں کی تعمیر کرائی جائے تا کہ لوگوں کو روزمرہ کا سامان خریدنے کیلئے دور نہ جانا پڑے اور روزگار بھی وضع ہوں۔ انھوں نے افسران کو ہدایت دی کہ اسکیم میں میکینک، الکٹریشین، پلمبر، ٹیلر، کارپینٹر وغیرہ ماہر مزدور بھی رہتے ہیں۔ ان سبھی کے روزگار کیلئے تفصیلی ورک پلان اولیت کی بنیاد پر تیار کیا جائے اور متعلقہ محکموں سے تال میل قائم کرتے ہوئے مناسب انتظام کرایا جائے۔ اس موقع پر میونسپل کمشنر اندر جیت سنگھ، نائب چیئرمین لکھنؤ ترقیاتی اتھارٹی اندرمنی ترپاٹھی سمیت متعلقہ محکموں کے افسران موجود رہے۔

مایاوتی وامبیڈکر کے خلاف نازیبا تبصرہ کا ویڈیو وائرل کرنے والا نوجوان گرفتار

نگرام، لکھنؤ (ایس این بی) نگرام علاقہ میں بہوجن سماج پارٹی سپریمو مایاوتی و بھیم راؤ امبیڈکر کے خلاف توہین آمیز نازیبا تبصرہ کر کے سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل کرنے والے نوجوان کو پیر کے دن پولیس نے گرفتار کر کے جیل بھیج دیا۔ نگرام تھانہ انچارج وویک کمار چودھری نے بتایا کہ نگرام کے سمیسی مزرعہ میلا گاؤں ساکن دلت براری کے مزدور سروجن کے ذریعہ بسپا صدر مایاوتی اور ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے خلاف نازیبا تبصرہ کرتے ہوئے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل کیا گیا تھا۔ اتوار کے دن وائرل اس ویڈیو کی مخالفت کرتے ہوئے بسپا کے عہدیدار اسمبلی حلقہ موہن لال گنج کے صدر ویریندر راو دیگر نے تحریر دے کر مقدمہ درج کرایا تھا۔ نگرام پولیس ملزم کی تلاش کر رہی تھی۔ پیر کو ملزم سرون ولد رام اوتار ساکن موضع میلا باغ پوسٹ سمیسی تھانہ نگرام کو اس کے گھر سے گرفتار کر کے جیل بھیج دیا۔

مختصر خبریں

نیرج کمار کے اہل خانہ سے ملاقات کرے گا سپا کا وفد

لکھنؤ(ایس این بی) سماج وادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو کی ہدایت پر پارٹی کا ایک وفد آئندہ 26 جون کو غازی پور جائے گا، جہاں وہ نیرج کمار ولد رمیش رام ساکن جنگی پور تھانہ، غازی پور ضلع کے نگر پنچایت جنگی پور وارڈ نمبر 2 کی مشتبہ موت کی معلومات حاصل کرنے کے لیے اہل خانہ سے ملاقات کرے گا۔ وفد میں اوم پرکاش سنگھ ایم ایل اے/ سابق وزیر، جگدیش کشواہا سابق ایم پی، ڈاکٹر وریندر کمار یادو ایم ایل اے جنگی پور، جے کشن ساہو ایم ایل اے غازی پور، مٹھائی لال بھارتی قومی صدر سماج وادی بابا صاحب امبیڈکر واہنی، چودھری للتا کے علاوہ پرساد نشاد سابق ایم ایل اے، گوپال یادو ضلع صدر سماج وادی پارٹی غازی پور، انکیت بھارتی ایم ایل اے سید پور، صبغت اللہ انصاری سابق ایم ایل سی، کاشی ناتھ یادو سابق ایم ایل سی، ستیہ پرکاش سونکر نیشنل چیف جنرل سکریٹری سماج وادی بابا صاحب امبیڈکر واہنی، وجے یادو سابق ایم ایل سی، وجے یادو سابق ایم ایل اے، اوماشنکر کشواہا سابق ایم ایل اے، جتیندر کمار بھارتی اور آلوک کمار شامل ہیں۔

کرکٹ کھیلنے کے بہانے بلا کر دوستوں نے کی پٹائی

لکھنؤ (ایس این بی) کرشنا نگر تھانہ حلقہ میں رہنے والے دو نوجوانوں نے فون کر کے کرکٹ کھیلنے کے بہانے جیا مئو ساکن اپنے دوست کو بلایا اور گالی گلوج کرتے ہوئے لاٹھی ڈنڈے اور بیلٹ سے پیٹا۔ جان بچا کر موقع سے بھاگے نوجوان کو ملزمان فون کر کے جان سے مارنے کی دھمکی دینے لگے۔ گھبرائے متاثرہ نوجوان نے تھانہ پہنچ کر ملزم نوجوانوں کے خلاف نامزد تحریر دی ہے۔ متاثرہ کی شکایت پر مقدمہ درج کر کے پولیس معاملہ کی جانچ کر رہی ہے۔ کرشنا نگر انچارج انسپکٹر پی کے سنگھ نے بتایا کہ گوتم پلی تھانہ حلقہ کے تحت 1090 چوراہے کے پاس واقع جیا مئو کے رہنے والے وشوجیت سنگھ ولد جے پرتاپ سنگھ کرکٹ کھلاڑی ہیں۔ وشوجیت کا الزام ہے کہ گزشتہ 21 جون کو اسے کرشنا نگر حلقہ واقع آزاد نگر میں رہنے والے اس کے دوست شبھم گری اور وکاس مشرا نے کرکٹ کھیلنے کے بہانے بلایا اور دونوں نے مل کر اس سے گالی گلوج کی۔ متاثرہ کے مخالفت کرنے پر دونوں نے اسے لاٹھی ڈنڈے سے پیٹا۔ کسی طرح موقع سے جان بچا کر بھاگے متاثرہ کو فون کر کے ملزمان جان سے مارنے کی دھمکی دے رہے ہیں۔ ملزمان کی دھمکی سے گھبرائے متاثرہ نے کرشنا نگر پولیس کو نامزد تحریر دی ہے۔ متاثرہ کی شکایت پر پولیس گولی گلوج، مار پیٹ و دھمکی دینے کی دفعات میں مقدمہ درج کر کے معاملہ کی جانچ کر رہی ہے۔

مشتبہ حالات میں لڑکی لاپتہ

موہن لال گنج، لکھنؤ (ایس این بی) موہن لال گنج کوتوالی حلقہ کے ایک گاؤں ساکن شخص نے پولیس سے تحریری شکایت کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی 17 سالہ نابالغ بیٹی 16 جون کی صبح مشتبہ حالات میں لاپتہ ہوگئی۔ کافی تلاش کے بعد بھی بیٹی کا کچھ پتہ نہیں چل سکا۔ متاثرہ والد نے بیٹی کے الگ الگ دو موبائل نمبروں سے بات کرنے والے نوجوان پر بہلا پھسلا کر بھگا لے جانے کا الزام لگایا ہے۔ انسپکٹر آلوک راؤ نے بتایا کہ متاثرہ کی تحریر پر نامعلوم نوجوان کے خلاف اغوا سمیت دیگر دفعات میں مقدمہ درج کر کے لڑکی کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔

بزرگ کے کھاتے سے نکالے 47 لاکھ 65 ہزار روپئے

ایپ ڈاؤن لوڈ کرانے کا جھانسہ دے کر روپئے کئے ٹرانسفر

لکھنؤ (ایس این بی) آشیانہ تھانہ حلقہ کے تحت سیکٹر جے میں رہنے والے بزرگ کو جعلساز نے فون کر کے گرین گیس بل اپڈیٹ کرنے کے نام پر اپنے جھانسے میں لیا اور لنک بھیج کر ایپ ڈاؤن لوڈ کرا کے بزرگ کے جوائنٹ کھاتے سے 47 لاکھ 65 ہزار روپئے ٹرانسفر کر لئے۔ بینک کھاتے سے روپئے نکلنے کی جانکاری ہونے پر بزرگ نے اپنے کارڈ کو بلاک کرا کے سائبر سیل تھانے میں تحریری شکایت کی بزرگ کی شکایت پر مقدمہ درج کر کے آشیانہ پولیس کارروائی کر رہی ہے۔ آشیانہ تھانہ حلقہ کے تحت ایل ڈی اے کالونی سیکٹر جے واقع مکان نمبر سی 232 ریل نگر میں رہنے والے سبکدوش 67 سالہ بزرگ وشوبھارتی آریہ ولد اودھم سنگھ کے مطابق اے بی آئی میں ان کا اور ان کے بیٹے کا جوائنٹ اکاؤنٹ ہے۔ انھوں نے اپنے گھر پر گرین گیس کنکشن لے رکھا ہے۔ گزشتہ 21 جون کی صبح تقریباً 10.15 بجے ان کے موبائل پر نامعلوم نمبر سے فون آیا۔ کالر نے اپنا تعارف گرین گیس افسر راکیش مشرا کے طور پر کراتے ہوئے کہا کہ آپ کے گیس کنکشن کا بل اپڈیٹ نہیں ہے۔ بل اپڈیٹ کرنے کے لئے ایک ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے 5 روپئے کی ادائیگی کر دیں۔ متاثرہ کی ان کے بیٹے سے بھی گرین گیس بل اپڈیٹ کرانے کی بات ہوئی تھی۔ ایسے میں متاثرہ بھی کالر کے جھانسے میں آگیا اور ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے اپنے ڈیبٹ کارڈ کا 16 ڈیجٹ نمبر ایپ پر درج کر دیا۔ ڈیبٹ کارڈ کا نمبر درج کرتے ہوئے متاثرہ کے کھاتے سے دو بار میں تقریباً 47 لاکھ 65 ہزار روپئے نکل گیا۔ بینک کھاتے سے روپئے نکلنے کی جانکاری ہونے پر بزرگ نے اپنا ڈیبٹ کارڈ بلاک کرا کے سائبر سیل و آشیانہ تھانہ پر تحریر شکایت کی۔ بزرگ کی شکایت پر آئی ٹی ایکٹ کی دفعات میں مقدمہ درج کر کے پولیس کارروائی کر رہی ہے۔

دکان پر کھڑا ٹریکٹر-ٹرالی چوری

موہن لال گنج، لکھنؤ (ایس این بی) موہن لال گنج کوتوالی حلقہ کے گوپا کھیڑا گاؤں ساکن اروند کمار سنگھ نے بتایا کہ ان کے سگے بھائی پربھاکر سنگھ کی سائیں نگر میں سائیں انٹرپرائزز نام سے سیمنٹ، مورنگ، سریا کی دکان ہے۔ گزشتہ اتوار کی رات بھائی دکان بند کر کے گھر چلے گئے۔ دیر رات سفید رنگ کی کار سے آئے بے خوف چور گیٹ کا تالا توڑ کر اندر کھڑا ٹریکٹر ٹرالی لے کر بھاگ گئے۔ پیر کی صبح جب بھائی دکان کھولنے پہنچے تو دکان کے بغل مین لگے گیٹ کا تالا ٹوٹا دیکھا اور وہاں کھڑا ٹریکٹر ٹرالی غائب تھا جب جا کر چوری کے واقعہ کا پتہ چلا۔ وہیں دکان میں لگے سی سی ٹی وی کیمرے میں چوری کی پوری واردات قید ہوگئی۔ متاثرہ دکان مالک کے بھائی اروند کمار سنگھ کی تحریر پر پولیس نامعلوم چوروں پر مقدمہ درج کر کے تلاش کر رہی ہے۔

مہارانی درگاوتی کا یوم قربانی منایا گیا

لکھنؤ(ایس این بی) سماج وادی پارٹی کے قومی صدر و سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو کی ہدایت پر آج پیر کو راجدھانی میں ریاستی ہیڈکوارٹر سمیت سپا کے تمام ضلعی دفاتر میں مہارانی درگاوتی کا یوم قربانی منایا گیا۔ ملکہ بہادری، عزت نفس اور آزادی کے لیے اپنی جان قربان کرنے والی بہادر خاتون تھیں۔ گونڈ جنگجو ملکہ درگاوتی گڑھ منڈلا کی رانی تھی۔ اس وقت جبل پور ان کی سلطنت کا مرکز تھا۔ 24 / جون 1565 کو ملکہ نے ریاست کی خودمختاری اور آزادی کے تحفظ کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ سب سے پہلے قومی سکریٹری راجندر چودھری، ریاستی صدر شیام لال پال اور سابق رکن پارلیمنٹ اروند کمار سنگھ، ڈاکٹر راجپال کشیپ، سابق ایم ایل سی نے بہادر مہارانی درگاوتی کی تصویر پر پھولوں کا ہار پہنا انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ ان کے علاوہ انوپ سنڈا سابق ایم ایل اے، رام رکش سنگھ یادو سابق ایم ایل سی، انیس الرحمٰن ریاستی جنرل سکریٹری، راجندر لودھی، اروینش پانڈے، منوج کمار پال، لتا جیسوار، وکرم سنگھ گنگوار، پائل سنگھ، اکشے سنگھ، برجیش سنگھ، ڈی آر ایس یادو، سورج لودھی، قیوم، ونیت کشواہا، راجہ مان سنگھ وغیرہ نے بھی خراج عقیدت پیش کیا۔

این ٹی اے امتحان میں بدعنوانی کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ

مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن آف انڈین یونین مسلم لیگ کا انتظامیہ کو میمورنڈم

لکھنؤ(ایس این بی) انڈین یونین مسلم لیگ کی طلبہ یونٹ مسلم اسٹوڈنٹس فیڈرشین آف انڈین یونین مسلم کے ریاستی عہدیداروں مقابلہ جاتی اور تعلیمی امتحانات میں پیپر لیک اور دیگر بدعنوانی کے خاتمہ کے لیے ضلع انتظامیہ لکھنؤ کے توسط سے مرکزی وزیر تعلیم کو ایک میمورنڈم دیا گیا۔ اس موقع پر تنظیم کے ریاستی صدر محمد سعد خاں نے اس بار امتحانات میں گھپلوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ میمورنڈم این ٹی اے کے امتحانات میں بار بار ہونے والی بے ضابطگیوں کی توجہ دلانے کے لیے ہے۔ نیٹ امتحان میں گھوٹالوں کے فوراً بعد جے آر ایف-نیٹ امتحان کی بڑے پیمانے پر منسوخی طلباء کے نقطہ نظر سے ایک دل دہلا دینے والا واقعہ ہے۔ این ٹی اے کی ایک کارروائی سے برسوں کی تیاری برباد ہوگئی۔ یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ امتحانات میں اس طرح کی بار بار چھیڑ چھاڑ سے طلبہ کے حوصلے پست ہو جائیں گے۔ بدعنوانی کو روکنے کے لیے 'فول پروف' طریقہ کار دھوکہ بازوں کے لیے ایک اعزاز بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے معاملات میں سرکاری افسران اور امتحانی مراکز نے ایسے جعلسازوں کی مدد کی ہے۔ مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس طرح کے خلفشار کو روکنے اور کھوئے ہوئے اعتماد کو بحال کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے اور مجرموں کو سخت سے سخت سزا دی جائے۔ ضلع انتظامیہ کو میمورنڈم سونپنے والوں میں تنظیم کے ضلع کنوینر محمد طٰحہ، راجہ قدوائی، سہراب خان ایڈوکیٹ، محمد قاسم ایڈوکیٹ، محمد حمام وغیرہ بھی موجود تھے۔

باائیک سوار لٹیروں نے چھینی عورت کی زنجیر

بھتیجی کے ساتھ اسکوٹی سے گھر لوٹ رہی تھی متاثرہ

لکھنؤ (ایس این بی) کرشنا نگر تھانہ حلقہ کے کانپور روڈ پر دیر رات اپنی بھتیجی کے ساتھ اسکوٹی سے گھر لوٹ رہی عورت کے گلے میں پہنی ہوئی سونے کی زنجیر پر نقاب پوش بائیک سوار بدمعاشوں نے جھپٹا مار کر زنجیر چھین لی اور تیز رفتاری سے فرار ہوگئے۔ متاثرہ نے واقعہ کی جانکاری اپنے والد کو دے کر پولیس کنٹرول روم اور مقامی پولیس کو بدمعاشوں کے خلاف تحریر دی۔

پولیس مقدمہ درج کر کے معاملہ تفتیش کر رہی ہے۔ کرشنا نگر تھانہ حلقہ کے تحت بھولا کھیڑا کے اندر پوری کالونی میں رہنے والی جیوتی دویدی زوجہ انکت دویدی کے مطابق اتوار کی دیر رات 11.15 بجے وہ اپنی موسیری ساس سریتا تیواری کے ساتھ ایل ڈی اے کالونی پراگ ڈیری میں رہنے والے ماموں کے گھر سے آرہی تھی۔ ابھی وہ کانپور روڈ نہر چوراہے کے پاس واقع پٹرول پمپ کے پاس پہنچی ہی تھی کہ بائیک سوار دو نوجوان ان کی اسکوٹی کے نزدیک آئے اور خالہ کے گلے میں پہنی سونے کی زنجیر پر جھپٹا مار کر اودھ چوراہا کی طرف بھاگ گئے۔ اچانک ہوئے اس واقعہ سے ان کی اسکوٹی بے قابو ہوگئی۔ کسی طرح متاثرہ نے خود کو سنبھالا اور اسکوٹی روک کر معاملہ کی اطلاع اپنے والد اور پولیس کنٹرول روم کو دی اور کرشنا نگر تھانہ جا کر بدمعاشوں کے خلاف تحریر دی۔ متاثرہ کے مطابق بدمعاشوں نے چہرے پر رومال باندھ رکھا تھا اور ان کی بائیک پر نمبر پلیٹ نہیں تھی۔ انسپکٹر کرشنا نگر پی کے سنگھ نے بتایا کہ متاثرہ کی شکایت پر لوٹ کی دفعات میں مقدمہ درج کر کے جائے وقوعہ اور چوراہوں پر لگے سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کھنگال کر بدمعاشوں کی تلاش کی جارہی ہے۔

چوری کرتے پکڑا گیا نوجوان، ساتھی فرار

موہن لال گنج، لکھنؤ (ایس این بی) موہن لال گنج حلقہ کے کلی پورب مزرعہ ٹکرا گاؤں ساکن پرویش کمار نے بتایا کہ پیر کی صبح وہ کام پر چلا گیا اور بیوی گھر بند کر کے پرانے گھر پر چلی تھی تبھی دو بجے گھر میں گھسے چور الماری کا لاک توڑ کر اس میں رکھے سونے چاندی کے زیورات چوری کر رہے تھے۔ اہلیہ کو گھر کی طرف آتا دیکھ کر چور اندر سے باہر نکل کر بھاگنے لگے۔ اہلیہ کے چلانے پر بھتیجے نے بائیک سے پیچھا کر کے چور کو پکڑ لیا جبکہ اس کا دوسرا ساتھی موقع سے بھاگ نکلا۔ اطلاع کے بعد موقع پر پہنچی پولیس پکڑے گئے چور کو حراست میں لے کر پوچھ تاچھ کے لئے کوتوالی لے گئی۔ انسپکٹر آلوک راؤ نے بتایا کہ پکڑے گئے چور سے پوچھ گچھ جاری ہے۔ جلد ہی مفرور ساتھی کو بھی گرفتار کر کے چوری کا سامان برآمد کر لیا جائے گا۔

بھاجپا حکومت بھگوان رام کے مندر میں گھپلے سے ٹس سے مس نہیں ہوئی: اجے رائے

لکھنؤ(ایس این بی) شہیدوں کا تابوت ہو یا بھگوان کا مندر یہ سب بی جے پی کے لیے بدعنوانی کے مواقع بن گئے ہیں۔ ملک میں ایمان اور پاکیزگی کی علامتیں بھی ان کے لیے صرف لوٹ مار کے مواقع ہیں۔ پجاری ستیندر داس کے بیان سے واضح ہوگیا ہے کہ کروڑوں کی لاگت سے بنائے گئے رام مندر میں پہلی بارش سے ہی پانی رس رہا ہے اور نکاسی کا کوئی مناسب انتظام نہیں ہے۔ یہ باتیں اتر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اجے رائے نے کہیں۔ پارٹی ہیڈکوارٹر میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صرف یہی نہیں بلکہ اجودھیا کی ترقی کا ڈھول پیٹنے والی بی جے پی کا نقاب رام مندر کے افتتاح سے پہلے 624 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار رام پتھ میں کئی مقامات پر سڑکیں ٹوٹنے سے اٹھ گیا ہے۔ واضح ہوگیا ہے کہ بی جے پی نے محض انتخابی فوائد کے لیے عجلت میں سیکنڈ کلاس عمارت تعمیر کر کے اجودھیا کو بدعنوانی کا مرکز بنا دیا ہے۔ وہاں کے مہاجرین کو مناسب معاوضہ نہ دے کر بی جے پی نے لوگوں کے ساتھ ناانصافی کی ہے۔ اس ناانصافی کی وجہ سے بھارتیہ جنتا پارٹی کو لوک سبھا انتخابات میں شکست کا منہ دیکھنا پڑا اور ریاست کے عوام آئندہ اسمبلی ضمنی انتخابات میں بھی انہیں اس کا منہ توڑ جواب دیں گے۔

دوبگا میں ناجائز ڈیری ہٹانے کی مخالفت

لکھنؤ (ایس این بی) نگرنگم کے کیٹل کیچنگ محکمہ نے آج پیر کو تھانہ ٹھاکر گنج کے تحت دوبگا روڈ، فریدی پور حلقہ کے تحت بھولا نرسری کے سامنے ناجائز ڈیری ہٹانے کی مہم چلائی۔ مہم کے دوران نگرنگم کی ٹیم کو زبردست مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ لوگوں نے ٹیم کا گھیراؤ کر لیا لیکن پولیس فورس کی موجودگی سے مخالفت خاموش ہوگئی۔ اس دوران خواتین نے گاڑیوں کو روکنے کی کوشش کی۔ موقع پر کل 11 بھینس، 2 پڑیا، ایک گائے کو پکڑ کر عالم نگر واقع کانجی ہاؤس میں پابند کیا گیا جنھیں ضابطہ کے مطابق کارروائی کے بعد ہی رہا کیا جائے گا۔ پولیس فورس، انفورسمنٹ ٹیم اور کیٹل کیچنگ ملازمین کے تعاون سے مویشی بہبود افسر ڈاکٹر ابھینو ورما کی قیادت میں مہم چلائی گئی۔ ناجائز ڈیریاں دوبارہ قائم نہ ہوں، اس کیلئے ہائی کورٹ کے حکم کے مطابق نگرنگم کی جانب سے متعلقہ ڈپٹی پولیس کمشنر کو خط بھی ارسال کیا جائے گا۔

نوکری چھوٹ جانے سے رنجیدہ نوجوان کی خودکشی

لکھنؤ (ایس این بی) گومتی نگر علاقہ میں نوکری چھوٹ جانے سے رنجیدہ لڑکی نے پھانسی لگا کر جان دے دی۔ وہیں ٹھاکر گنج علاقہ میں نوجوان نے پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ پولیس نے دونوں لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا ہے۔ وِنے کھنڈ گومتی نگر ساکن شیو پوجن سنگھ نے بتایا کہ ان کے مکان میں شوبھنا پانڈے بنت اروند پانڈے ساکن شیو پوری کالونی نگوا لنکا ضلع وارانسی کرائے پر رہتی تھی۔ وہ رات تقریباً 10 بجے کمرے کا دروازہ بند کر کے سونے چلی گئی۔ پیر کی صبح دیکھا کہ اس کے کمرے کی لائٹ جل رہی ہے اور دروازہ کھلا ہے۔ جھانک کر دیکھا تو شوبھنا پانڈے (24) کی لاش چھت میں لگے پنکھے میں دوپٹے کے پھندے سے لٹکی ہوئی تھی۔ وہ غیر شادی شدہ تھی اور فینکس پلاسیو میں نوکری کرتی تھی، لیکن دو ماہ قبل اس کی نوکری چھوٹ گئی تھی جس سے وہ تناؤ میں رہتی تھی۔ 3-2 دن سے وہ گومتی نگر علاقہ میں مٹھائی والا چوراہا واقع بیوٹی پالکر میں نوکری پر جارہی تھی۔ ٹھاکر گنج تھانہ کے تحت شانتی نگر ملاحی ٹولہ ساکن رنگی لال گوڑ ولد بنواری لال گوڑ نے پولیس کو بتایا کہ ان کے مکان میں دھرمیندر کمار ولد ہریش چندر ساکن موضع روہیلا تھانہ محمد پور ضلع بارہ بنکی کرائے پر کنبہ کے ساتھ رہتے ہیں۔ دھرمیندر کے ساتھ اس کا سالا پنیت ولد وجے پانڈے ساکن تھانہ رامپور متھرا ضلع سیتا پور بھی رہتا تھا۔ اتوار کی دیر رات پنیت (18) نے اپنے بہنوئی کے کمرے میں پنکھے سے پھانسی کا پھندا لگا کر خودکشی کر لی۔